		مولانا محمد عمر اسلم اصلاحی
		ڈاکٹر محی الدین غازی
صدارتی کلمات	:	پروفیسر عبدالعظیم اصلاحی
تحریک شکریہ	:	پروفیسر اشتیاق احمد ظلی
دعاء	:	مولانا سلطان احمد اصلاحی

سعودی عرب کی تین جامعات میں قرآن پر مطالعہ و تحقیق کے لیے قرآن چیر (Chair) کا قیام:

خادم الحرمین الشریفین شاہ عبداللہ نے امام محمد سعود اسلامک یونیورسٹی (ریاض)، ام القریٰ یونیورسٹی (مکۃ المکرّمہ) اور اسلامک یونیورسٹی (مدینہ منورہ) میں شاہ عبدالعزیز چیر برائے قرآن کریم کے قیام کو منظوری دے دی ہے۔ قرآن چیر سعودی عربی اور دوسرے ملکوں میں قرآن کریم پر مطالعہ و تحقیق کو فروغ دے گی اور اس کے لیے مالی مدد بھی فراہم کرے گی۔ قرآن چیر کے قیام سے یہ بخوبی واضح ہوتا ہے کہ سعودی حکومت اور اس کے ذمہ داران قرآنی تعلیمات کی اشاعت اور اس کے پیغام کو عام کرنے کے بارے میں کس قدر دلچسپی رکھتے ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ قرآن کے تعلق سے لوگوں میں بیداری پیدا ہو۔ امام محمد سعود یونیورسٹی کے شیخ الجامعہ سلیمان بن عبداللہ کے بیان کے مطابق امام محمد سعود یونیورسٹی میں پہلے ہی سے قرآن و علوم قرآن کا ایک مخصوص شعبہ قایم ہے اور یہ سعودی جامعات کے قدیم ترین شعبہ جات میں شمار ہوتا ہے۔ انھوں نے یہ بھی واضح کیا کہ شاہ عبدالعزیز چیر برائے قرآن عظیم قرآن و قرآنی علوم سے متعلق موضوعات پر مطالعہ و تحقیق کو فروغ دینے کے علاوہ یہ سعودی عرب و بیرونی ممالک میں سیمینارس و کانفرنس کا بھی اہتمام کرے گی۔ قرآن چیر کے منصوبوں میں قرآنی لغات و انسائیکلوپیڈیا کی اشاعت بھی شامل ہے۔ (عرب نیوز، جدہ، ۱۲/اکتوبر ۲۰۱۱ء)